18-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	ترجمہ القرآن	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):-----------------------

نام طالبعلم:_______________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ سورۃ آل عمران کی آیات کی تعداد ہے:

(الف) 190 (ب) 200 (ج) 210 (د) 220

2۔ سورہ آل عمران کے رکوع کی تعداد ہے:

(الف) 18 (ب) 19 (ج) 20 (د) 22

3۔ "الم" ان حروف میں سے ہے:

(الف) مرکبات (ب) متشابہات (ج) مقطعات (د) محکمات

4۔ "القٰنتین" کا معنی ہے:

(الف) صبر کرنے والے (ب) سچ بولنے والے (ج) اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے (د) اطاعت کرنے والے

5۔ "الأمیین" کے معنی ہیں:

(الف) کتاب والے (ب) ان پڑھ (ج) جھکنے والے (د) پڑھے لکھے

6۔ آل عمران اولاد ہیں:

(الف) حضرت موسیٰؑ (ب) حضرت نوحؑ (ج) حضرت ابراہیمؑ (د) حضرت عمرانؑ

7۔ حضرت مریمؑ کی کفالت کی:

(الف) حضرت زکریاؑ نے (ب) حضرت یحیٰؑ نے (ج) حضرت موسیٰؑ نے (د) حضرت ابراہیمؑ نے

8۔ "رب ھب لی من لدنك ذریة طیبة" نبی کی دعا ہے:

(الف) حضرت ابراہیمؑ (ب) حضرت یحیٰؑ (ج) حضرت عیسیٰؑ (د) حضرت زکریاؑ

9۔ مردوں کو زندہ کرنا معجزہ تھا:

(الف) حضرت زکریاؑ کا (ب) حضرت عیسیٰؑ کا (ج) حضرت موسیٰؑ کا (د) حضرت یحیٰؑ کا

ورق الٹیئے

10۔"الشّٰھدین" سے مراد ہے:

(الف) جھوٹ بولنے والے (ب) ظلم کرنے والے (ج) گواہی دینے والے (د) رکوع کرنے والے

11۔سورۃ النساء کی آیات کی تعداد ہے:

(الف) 166 (ب) 176 (ج) 186 (د) 196

12۔سورۃ النساء کے رکوع کی تعداد ہے:

(الف) 20 (ب) 22 (ج) 24 (د) 26

13۔اللہ کے فرمان "الذی خلقکم من نفس واحدۃ" میں " نفس واحدۃ" سے مراد ہے:

(الف) حضرت نوحؑ (ب) حضرت ابراہیمؑ (ج) حضرت شیثؑ (د) حضرت آدمؑ

14۔اللہ کے فرمان "اٰتوا النساء صدقٰتھن نحلۃ" میں "صدقٰتھن نحلۃ" سے مراد ہے:

(الف) مہر شرعی (ب) مہر مسمّٰی (ج) حق مہر (د) مہر مثلی

15۔"السدس" سے مراد ہے:

(الف) چوتھا حصہ (ب) چھٹا حصہ (ج) آٹھواں حصہ (د) ساتواں حصہ

16۔"کلالۃ" سے مراد ہے:

(الف) جس کا باپ نہ ہو (ب) جس کی ماں نہ ہو (ج) جس کی اولاد نہ ہو (د) جس کے تینوں نہ ہوں

17۔"ویتعد حدودہ" کا معنی ہے:

(الف) حدود کو قائم کرنا (ب) حدود کو تجاوز کرنا (ج) حدود کو ہلکا کرنا (د) حدود کو بھاری کرنا

18۔"قٰنتٰت" کے معنی ہیں:

(الف) نافرمانی کرنے والے (ب) اطاعت کرنے والے (ج) صلح کرنے والے (د) جھگڑا کرنے والے

19۔"والجار ذی القربٰی" کا معنی ہے:

(الف) پڑوسی (ب) اجنبی پڑوسی (ج) رشتہ دار پڑوسی (د) ہم مجلس پڑوسی

20۔"ابن سبیل" کا معنی ہے:

(الف) دوست (ب) رشتہ دار (ج) مسافر (د) ہمسایہ

18-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	ترجمہ القرآن	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال اول)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ "ھوالذی یصور کم فی الأرحام" کا ترجمہ لکھیں۔

2۔ "شھد اللہ أنہ لا إلہ إلا ھو" کا ترجمہ لکھیں۔

3۔ سورہ آل عمران میں کس نبی نے حصول اولاد کیلیے دعا مانگی؟

4۔ سورہ آل عمران کی روشنی میں حضرت عیسیٰؑ کے معجزات لکھیں۔

5۔ سورہ آل عمران مین اللہ نے کس نبی کی اولاد کو بزرگی کی خوشخبری دی؟

6۔ "ویکلم الناس فی المھد و کھلا و من الصلحین" کا ترجمہ لکھیں۔

7۔ استطاعت کے باوجود حج بیت اللہ نہ کرنے والے کیلیے کیا وعید آئی ہے؟ حدیث شریف لکھیں۔

8۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں انسانوں کیلیے سب سے پہلے بابرکت گھر کس مقام پر وضع فرمایا؟

9۔ "لن تنالوا البرحتی تنفقوا مما تحبون" کا ترجمہ لکھیں۔

10۔ اللہ تعالیٰ نے بہترین امت کیلیے کونسی نشانی بیان فرمائی ہے؟

11۔ اللہ تعالیٰ جن سے محبت فرماتا ہے ان کی کون سی نشانیاں بیان فرمائی ہیں؟

12۔ سورہ آل عمران میں اللہ تعالیٰ نے شہداء کیلیے کیا انعام رکھا ہے؟

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ سورۃ النساء میں کن فرض علوم کے احکام بیان کیے گئے ہیں؟

2۔ سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ نے کن عورتوں سے نکاح کو بڑی بے حیائی قرار دیا ہے؟

3۔ اللہ تعالیٰ نے مردوں اور عورتوں کی تخلیق کی ابتداء کتنی جانوں سے فرمائی؟

4۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء میں کن لوگوں کے مال کھانے سے منع فرمایا ہے؟

5۔ سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ نے کن کیلیے کامیابی کا اعلان فرمایا ہے؟

6۔ سورۃ لنساء میں کن لوگوں کیلیے ذلت والے عذاب کی وعید سنائی ہے؟

7۔ سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ نے کن لوگون سے بھلائی کا حکم دیا ہے؟

8۔ سورۃ النساء میں کس حالت میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے؟

9۔ تیمیم کسے کہتے ہیں؟

10۔ وہ کونسا گناہ ہے جسے اللہ تعالیٰ معاف نہیں فرماتا؟

11۔ اگر مؤمن گناہ کرے تو کیا کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟

12۔ اللہ تعالیٰ نے کن کی دوستی کو اچھا کہا ہے؟

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ-وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ-فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ آیات مبارکہ کا ترجمہ کرین نیز اتباع اور اطاعت میں فرق بیان کریں۔

ii. فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَكُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَكُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ -ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ آیت مبارک کا ترجمہ کریں اور اس آیت کو کیا کہا جاتا ہے نیز مباہلہ کس قوم کے ساتھ ہوا تھا تحریر کریں۔

iii. وَ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ-فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ اس آیت کا ترجمہ کریں اور اس آیت میں کس غزوہ کا ذکر ہے نیز اس غزوہ میں اللہ تعالیٰ نے کس طرح مسلمانوں کی مدد فرمائی تفصیلاً تحریر کریں۔

ورق الٹئے

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. سورۃ النساء میں اللہ تعالیٰ نے کن طبقات کے احکام بیان فرمائے ہیں؟ اور کن عورتوں سے نکاح کو حرام قرار دیا گیا ہے؟ مفصل تحریر کریں۔

ii. سفر کی نماز کون سی ہے؟ اور سفر کی نماز کیلیے کم از کم مسافت کتنی ہے؟ نیز میدان جنگ میں نماز پڑھنے کا طریقہ بیان کریں۔

iii. منافقین کی علامات و حالات بیان کریں نیز قیامت میں ان کا ٹھکانہ کیا اور کیسے ہو گا تفصیلاً بیان کریں۔